

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ۔2جون 2021 اسلام آباد!

الیکشن کمیشن کے دو اجلاس مورخہ یکم جون اور 2جون 2021 کو چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت منعقد ہوئے اجلاس میں ممبران الیکشن کمیشن، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور سینئر افسران نے شرکت کی۔

اجلاس کا مقصد وزارت سائنس وٹیکنالوجی کی طرف سے الیکشن کمیشن کو الیکٹرونک ووٹنگ مشین کی Prototype کا ڈیمو دینا تھا۔ جس پر وزارت سائنس وٹیکنالوجی نے آگاہ کیا کہ Prototype EVM کو تیار کرنے میں ہمیں کچھ مزید وقت درکار ہے جو کہ جولائی 2021ء کے تیسرے ہفتے تک مکمل ہو جائیگا اس کے بعد Prototype EVM کا ڈیمو الیکشن کمیشن آف پاکستان کو دیا جائیگا۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ الیکشن کمیشن مشین کی انتخابی ضروریات (Requirements) پہلے ہی وزارت سائنس وٹیکنالوجی کو دے چکا ہے اسی بنیاد پر وزارت سائنس وٹیکنالوجی نے ٹیکنکل Specifications اور Prototype EVM تیار کرنی ہے۔

الیکشن کمیشن کی جانب سے وزارت سائنس وٹیکنالوجی کے حکام کا شکریہ ادا کیا گیا اور اس بات کا اظہار کیا گیا کہ الیکشن کمیشن انتخابات میں ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے پر عزم ہے تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ کسی بھی فیصلہ پر پہنچنے سے پہلے تمام اسٹیک ہولڈرز جن میں سیاسی جماعتیں اور ووٹرز خصوصی اہمیت کے حامل ہیں کا اعتماد حاصل کیا جائے کیونکہ یہ الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری بھی ہے الیکشن کمیشن اس حوالے سے جلد ہی سیاسی جماعتوں سے مشاورت کا آغاز کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

دوسرا اجلاس انٹرنیٹ ووٹنگ پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی، وزارت کے دیگر سینئر افسران اور سپینش (Spanish) کنسلٹنسی فرم کے نمائندوں نے نادرا کے تیار کردہ انٹرنیٹ ووٹنگ سسٹم کی ٹیکنکل آڈٹ رپورٹ پر بریفنگ دی بریفنگ میں تقابلی پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ جس میں نادرا کے بنائے ہوئے سسٹم کا میکسکو، فرانس اور ایسٹونیا کے بنائے ہوئے سسٹم سے موازانہ کیا گیا۔ مزید برآں الیکشن کمیشن کو بتایا گیا کہ فرانس نے I voting سسٹم کا استعمال اب روک دیا ہے جبکہ میکیسکو اور ایسٹونیا اپنے سسٹم پر بتدریج تجربات اور استعمال کر رہے ہیں۔ کنسلٹنٹ فرم نے الیکشن کمیشن کو بتایا کہ نادرا کا بنایا ہوا آئی ووٹنگ سسٹم عالمی معیار کا نہیں ہے جس کو جدید ٹیکنالوجی کے مطابق بنانے کی سفارشات دی گئی ہیں

چیف الیکشن کمشنر نے اگلے ہفتے میں الیکشن کمیشن کا اجلاس طلب کر لیا جس میں کنسلٹنٹ فرم کی رپورٹ کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔

Altaf
2/6/2021